© rasailojaraid.com

کے قلم سے ایک مقدمہ ہے جس میں انھوں نے اس انتخاب کی خصوصیات اور صاحبِ انتخاب کے ذوقِ علم وادب پر روشنی ڈالی ہے۔

رسول کی تعلیم از قاضی ظہور الحسن صاحب ناظم سیوہاروی تقطیع خورد ضخامت ۴۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۴؍ پتہ:۔ لاہور اور اُردو بازار دہلی کے ہر کتب فروش سے مل سکتی ہے

یہ کتاب اگرچہ بچوں کے لئے لکھی گئی ہے لیکن بڑے مرد اور عورتیں بھی یکساں طور پر اس سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس میں مختلف قسم کے ۴۶ عنوانات ہیں جو تقریباً بچپن سے لے کر بڑھاپے تک کے تمام مشاغلِ حیات پر مشتمل ہیں۔ نہایت آسان اور دلنشین زبان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات بیان کی گئی ہیں۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ بچوں اور بچیوں کے نصاب دینیات میں شامل کی جائے۔

سِلسلۂ تاریخِ مِلّت

نبیِّ عربی صلعم

تاریخِ ملّت کا حصّہ اوّل جس میں متوسط درجہ کی استعداد کے بچوں کے لئے سیرتِ سرورِ کائنات صلعم کے تمام اہم واقعات کو تحقیق، جامعیت اور اختصار کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ جدید ایڈیشن جس میں اخلاق سرورِ کائنات ؐ کے اہم باب کا اضافہ کیا گیا ہے اور آخر میں ملک کے مشہور شاعر جناب ماہر القادری کا سلام بہ درگاہ خیرالانام بھی شامل کر دیا گیا ہے کورس میں داخل ہونے کے لائق کتاب ہے۔ قیمت ۱۲؍ مجلد ۱۲؍ بقیہ حصص خلافت راشدہ ۱۲؍ خلافت بنی اُمیّہ ۱۲؍

© rasailojaraid.com